212884-ایک ہی دن میں دو خواتین سے شادی کرنے کا حکم

سوال

ایک دن میں ایک سے زائد خواتین کے ساتھ شادی کرنے کا کیا حکم ہے ؟ کیا یہ جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

انسان ایک دن میں دو خواتین سے نکاح کر سکتا ہے ، جیسے کہ فرمانِ باری تعالی ہے :

(فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاءِ مَثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ) تم دو، دو، تین، تین ، یا چار، چار جتنی تمہیں اچھی لگیں خواتین سے شادی کرو۔ النساء : 3

دو خواتین سے یکبار نکاح کرنا یا مختلف اوقات میں ؛اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ، لیکن اہل علم دونوں خواتین کی رخصتی ایک ہی دن ؛اچھی نہیں سمجھتے؛کیونکہ ان میں سے ایک کا حق مارا جائے گا۔

امام یحی بن ابو الخیر عمرانی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"ایک ہی رات میں دو بیویوں کو خاوند کے پاس بھیجنا مکروہ ہے ، کیونکہ دونوں کا حق اکٹھا ادا کرنا ممکن ہی نہیں ، اس لئے اگر ایک کے ساتھ رات گزارے گا تو دوسری اجنبیت محسوس کریگی۔

اور اگر دونوں اسکے پاس آجائیں تو جس کیساتھ نکاح پہلے ہوا تو پہلے اسی کا حق ہوگا ، پھر بعد میں دوسری کا ، کیونکہ پہلے والی سبقت لے چکی ہے ، اور اگر دونوں کیساتھ برابر عقد ہوا تو قرعہ اندازی کریگا ، کیونکہ دونوں میں سے کسی کو کسی لحاظ سے بھی فوقیت حاصل نہیں ہے " انتہی

ماخوذ از کتاب : "البیان " از : عمرانی (9/520)

شیخ منصور بہوتی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"اگر کسی نے دو خواتین سے شادی کی تو دونوں کو ایک ہی رات میں خاوند کے پاس بھیجنا مکروہ ہے ، چاہے دونوں کنواری ہوں یا بیوہ ، یا ایک کنواری اور ایک بیوہ ؛کیونکہ خاوند دونوں کا حق پورا نہیں کر سکتا ، اور جسکی باری بعد میں آئے گی اسے نقصان اٹھانا پڑے گا ، اور اجنبیت محسوس کرے گی ، [لیکن پھر بھی] جو بیوی سب سے پہلے داخل ہوئی اسکا حق پہلے بنتا ہے ، اسکا حق ادا کرنے کے بعد دوسری کے پاس جائے گا اور اسکا حق ادا کریگا؛ کیونکہ دوسری کا حق بھی اس پر واجب ہے ، خاوند نے اس کے حق کی ادائیگی اس لئے نہیں کی کہ درمیان میں [پہلی بیوی کی وجہ سے] رکاوٹ تھی ، جسکی وجہ سے تاخیر ہوئی چنانچہ جب رکاوٹ زائل ہوگئی تو واجب ادا کرنا ضروری ہوگیا ، اس کے بعد دونوں کی تقسیم شروع ہوجائے گی ، اور جسکی باری ہوگی اسی کے حقوق ادا کریگا ، اگر دونوں ہی بیویاں برابر داخل ہوئیں تو دونوں میں سے ایک کو قرعہ کے ذریعے ترجیح دیگا ، اس لئے کہ دونوں ہی سبب استحقاق میں برابر ہوگئیں ہیں ، اور قرعہ ایسی حالت میں باعث ترجیح ہوتا ہے "

ماخوذ از : "کشاف القناع "(5/208) ، اور دیکھیں : "المغنی -از ابن قدامہ "(7/242)

واللہ اعلم.